**21.02.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........................ ارجمند علی خان

**Music**

-----------------------------------

☆ وزیرِ اعظم نریندر مودی اور برازیل کے صدر **Luiz Inacio Lula da Silva** نے نئی دلّی میں دو طرفہ بات چیت کی ہے۔ دونوں رہنماؤں نے باہمی تعلقات کے وسیع تر پہلوؤں اور باہمی دلچسپی کے عالمی معاملات پر نظریات کا تبادلہ کیا۔

☆ گوا میں 5ویں گوا میری ٹائم کانکلیو 2026 کا آغاز ہوگیا ہے، جس کا مقصد بحیرۂ ہند خطے میں ابھرتے ہوئے، بحری چیلنجوں کا ازالہ کرنا ہے۔

☆ وزیرِ داخلہ امت شاہ نے زور دے کر کہا ہے کہ آئندہ ماہ کی 31 تاریخ تک ملک سے نکسل ازم کا خاتمہ ہوجائے گا۔ انہوں نے شمال مشرقی خطے اور جموں و کشمیر میں امن بحال کرنے کیلئے **CRPF** کے رول کی ستائش کی ہے۔

☆ امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ کی جانب سے نئے عالمی محصول کے اعلان کے پیشِ نظر بھارت پر امریکی محصول میں عارضی طور پر 10 فیصد کی کمی آئے گی۔

☆ اور، **ICC** ٹی ٹوئنٹی عالمی کپ میں، آج شام کولمبو میں **Super 8** مرحلے کے تحت نیوزی لینڈ کا مقابلہ پاکستان سے ہوگا۔

-----------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**PM-BRAZIL PREZ BILATERAL**

وزیرِ اعظم نریندر مودی اور برازیل کے صدر **Luiz Inacio Lula da Silva** نے نئے دلّی میں دو طرفہ بات چیت کی، جس میں دونوں ملکوں کے درمیان وسیع تر پہلوؤں کا جائزہ لیا گیا۔ دونوں رہنماؤں نے باہمی دلچسپی کے علاقائی اور

عالمی معاملات پر تبادلہ خیال کیا، جن میں کثیر رخی فورم میں اشتراک، عالمی حکمرانی اور عالمی خطہ جنوب سے متعلق معاملات شامل ہیں۔ بھارت اور برازیل 2006 سے کلیدی شراکت دار ہیں۔ برازیل، لاطینی امریکہ اور کیریبیائی خطے میں بھارت کا سب سے بڑا تجارتی شراکت دار ہے۔ یہ اشتراک تجارت اور سرمایہ کاری، دفاع، توانائی، زراعت، صحت، قابلِ تجدید توائی، سائنس و ٹیکنالوجی اور اختراع پر مبنی ہے۔ طرفین کا اقوامِ متحدہ میں اصلاحات، آب و ہوا کی تبدیلی اور دہشت گردی سے نمٹنے کے سلسلے میں مشترکہ موقف ہے۔ x

**PM-FOXCONN**

وزیر اعظم نریندر مودی آج اترپردیش میں، یمنا ایکسپریس وے انڈسٹریئل ڈولپمنٹ اتھارٹی میں HCL Foxconn مشترکہ پروجیکٹ کا سنگِ بنیاد رکھے جانے کی تقریب میں ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے شرکت کریں گے۔

اس پروجیکٹ کا مقصد، گھریلو مینوفیکچرنگ صلاحیتوں کو مستحکم کرنے، درآمدات پر انحصار کم کرنے اور مستحکم عالمی سپلائی چین تیار کرنا ہے۔ اِس قدم کے ساتھ ہی، ملک کے سیمی کنڈکٹر ایکو نظام کو ایک بڑا فروغ حاصل ہوگا، جس سے اختراع، ہنرمندی اور ٹیکنالوجی کی منتقلی میں اضافہ ہوگا۔ امید ہے کہ اِس سہولت سے انجینئرَوں، ٹیکنیشنوں اور پیشہ ور افراد کو روزگار کے راست اور بالواسطہ مواقع فراہم ہوں گے اور متعلقہ صنعتوں کی ترقی کی رفتار میں اضافہ ہوگا۔ HCL-Foxconn سیمی کنڈکٹر مرکز قائم کیا جانا ٹیکنالوجیکل اعتبار سے خودکفالت کی جانب بھارت کے سفر میں ایک اہم سنگ میل ہے، جس سے بھارت کو اعلیٰ درجے کی الیکٹرانکس اور سیمی کنڈکٹر مینوفیکچرنگ کیلئے ایک عالمی مرکز کے طور پر قائم کرنے کے وزیراعظم کے وژن کی عکاسی ہوتی ہے۔x

**GOA-MARITIME CONCLAVE**

بحریہ کے چیف ایڈمرل دنیش کے ترپاٹھی نے آج پانچویں گوا میری ٹائم کانکلیو کا افتتاح کرتے ہوئے بحری تعاون کی اہمیت پر زور دیا۔ مندوبین سے خطاب کرتے ہوئے بحریہ کے چیف نے حال ہی میں بین الاقوامی Fleet Review کے موقع پر وشاکھاپٹنم میں 74 ملکوں کی شرکت اور مِلان کے Sea Phases کو بحری مہاکنبھ قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ اتنے بڑے پیمانے پر ملکوں کی شرکت سے بڑھتے ہوئے عالمی بحری روابط کا اظہار ہوتا ہے۔

سمندر کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے ایڈمرل ترپاٹھی نے کہا کہ دنیا کا 70 فیصد حصہ پانی پر محیط ہے اور ملک کی، حجم کے اعتبار سے 95 فیصد اور قدر کے لحاظ سے 68 فیصد سے زیادہ تجارت سمندری راستوں سے ہوتی ہے۔ جناب ترپاٹھی نے کہا کہ IOS ساگر 2.0 کا آغاز جلد ہی کی جائے گا۔ اس کانکلیو کا موضوع ہے، بھارتی بحری خطہ - بڑھتے ہوئے بحریہ چیلنجز سے نمٹنا - مختلف خطرات کو ختم کرنے کیلئے ترقی پر مبنی اقدامات۔x

**AMIT SHAH**

مرکزی وزیرِ داخلہ امت شاہ نے آج کہا ہے کہ ملک نے 31 مارچ تک نکسل ازم کے خاتمے کا عزم کیا ہے۔ گواہاٹی میں سینٹرل ریزرو پولیس فورس کے 87 ویں یومِ تاسیس پریڈ سے خطاب کرتے ہوئے، جناب شاہ نے کہا کہ CRPF نے غیرمعمولی خدمات انجام دی ہیں اور کوبرا بٹالین سمیت اُس کے جوان ملک کو نکسلیوں سے مبرا کرنے کی کوششوں میں اہم رول ادا کررہے ہیں۔

**SB - 1415 - Amit Shah Naxal**

انہوں نے اِس بات کا ذکر کرتے ہوئے کہ فورس نے شمال مشرق، جموں و کشمیر اور ماؤ نوازوں سے متاثرہ علاقوں میں امن بحال کرنے میں انتہائی اہم کردار ادا کیا ہے، مزید کہا کہ ملک کی داخلی سلامتی کا CRPF کے بغیر تصور نہیں کیا جاسکتا۔ انہوں نے کہا کہ تشدد سے متاثرہ منی پور میں مختلف بٹالین تعینات کی گئی ہیں۔ جناب شاہ نے کہا کہ اپنے آغاز سے فرائض کی انجام دہی کی خاطر ، شمال مشرق میں تقریباً 700 اہلکاروں سمیت دو ہزار 270 سی آر پی ایف اہلکاروں نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا ہے۔ جناب شاہ نے پریڈ کا معائنہ کیا اور بہادری کے میڈل عطا کئے۔ اِس موقع پر آسام کے وزیرِ اعلیٰ ہیمنت بسوا سرما موجود تھے۔ بعد میں جناب شاہ کا گواہاٹی کے نزدیک Kachutoli میں 10ویں آسام پولیس بٹالین کے نئے کیمپس کا سنگِ بنیاد رکھنے کا پروگرام ہے۔ x

**VAISHNAW-AI SUMMIT**

الیکٹرانکس اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے وزیر اشونی ویشنو نے آج کہا ہے کہ نئی دلّی میں India AI Impact Summit میں مختلف تکنیکی حل پیش کئے گئے۔ آج صبح Summit کے مقام کے دورے کے موقع پر، جناب ویشنو نے کہا کہ نوجوانوں میں AI Summit سے متعلق کافی جوش و خروش ہے۔ نمائش کاروں سے، کانگریس ورکروں کی جانب سے ہنگامے سے متعلق اپنی بات چیت کے بارے میں، وزیرِ موصوف نے کہا کہ سبھی نمائش کاروں نے کانگریس کی اِس حرکت کو شرمناک قرار دیا۔ جناب ویشنو نے کہا کہ کانگریس، سیاست میں بہت نچلی سطح پر آگئی ہے۔ وزیرِ موصوف نے دعویٰ کیا کہ کانگریس ایک نوجوان مخالف پارٹی ہے اور وہ نئی اختراع نہیں چاہتی۔

**SB 1415- Ashwini**

**BJP-CONGRESS PROTEST**

بھارتی یوا کانگریس کے کارکنان کی طرف سے گل انڈیا AI ایمپکٹ سمٹ میں ہنگامہ آرائی کئے جانے خلاف، آج دلّی BJP نے نئی دلّی میں کانگریس ہیڈکوارٹر کے باہر احتجاج کیا۔ اس احتجاج کی قیادت BJP کے پردیش صدر ویریندر سچدیوا کے

ہمراہ رُکن پارلیمنٹ منوج تیواری اور دیگر رہنماؤں نے کی۔ اس سے پہلے آج نئی دلّی میں میڈیا سے بات چیت میں پارٹی کے ترجمان سدھانشو ترویدی نے کہا کہ کانگریس پارٹی کے اس عمل سے پورے ملک کو تکلیف ہوئی ہے اور عوام انہیں معاف نہیں کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ انڈیا AI امپیکٹ سمٹ ہر ایک کیلئے باعث فخر ہے، لیکن کانگریس پارٹی نے جو کیا، وہ انتہائی شرمناک ہے۔x

## VP-CSR SUMMIT

نائب صدرِ جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن نے آج کہا ہے کہ کارپوریٹس سماجی ذمہ داری، اب کاروبار سے متعلق حکمتِ عملی کیلئے اُتنی اہمیت کی حامل نہیں ہے لیکن ملک کی ترقی کیلئے یہ مرکزی حیثیت رکھتی ہے۔ نائب صدر نے نئی دلّی میں قومی CSR Summit 2026 سے خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی۔ انہوں نے کہا کہ CSR سرکاری نظامِ تعلیم، ابتدائی صحت کی دیکھ بھال میں یکسر تبدیلی میں ایک مضبوط رول ادا کرسکتا ہے اور معاشرے کی ضروریات کے لحاظ سے صنعتوں سے ہم آہنگ ہوتے ہوئے، ہنرمندی کے فروغ میں تعاون کرسکتا ہے۔ نائب صدر نے کہا کہ گذشتہ دہائی میں بھارت نے ڈھانچہ جاتی اصلاحات، بنیادی ڈھانچے میں تیز رفتار توسیع، ڈیجیٹل کنکٹیویٹی اور مالی شمولیت کا مشاہدہ کیا، جس کے سبب کروڑوں لوگ غریبی سے نجات حاصل کرسکے۔ جناب رادھا کرشنن نے یہ بھی کہا کہ بھارتی معیشت نے ایک اوسط معیشت سے مسلسل ترقی کی ہے اور یہ دنیا کی چوتھی سب سے بڑی معیشت بن گئی ہے۔ x

## WHAIT HOUSE TARIFF

امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ کی جانب سے نئے عالمی محصول کے اعلان کے پیشِ نظر بھارت پر امریکی محصول میں عارضی طور پر 10 فیصد کی کمی آئے گی۔ انٹرنیشنل ایمرجنسی اکنامک پاورس ایکٹ کے تحت یہ نیا آرڈر پہلے سے نافذ محصول کی جگہ لے گا۔ یہ وضاحت اُس وقت سامنے آئی ہے، جب امریکی سپریم کورٹ نے ٹرمپ کے بعض مخصوص محصولات کے حصول سے متعلق قانون کے استعمال کو مسترد کردیا تھا، جس میں بھارت پر پہلے سے عائد 18 فیصد کے محصول کے سلسلے میں سوال اٹھایا گیا ہے۔ وائٹ ہاؤس نے کہا ہے کہ اب 10 فیصد کی شرح سیکشن 122 کے تحت لاگو ہوگی۔ امریکی انتظامیہ نے اِس بات کا اشارہ دیا ہے کہ دیگر قانونی اتھارٹی کے تحت اضافی محصول اقدامات کا اعلان آئندہ ہفتے کیا جاسکتا ہے۔x

## US-TARIFF INDIA

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ محصولات کے بارے میں امریکی سپریم کورٹ کے حکم کے تناظر میں بھارت کے ساتھ تجارتی معاہدے میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی ہے اور بھارت کے ساتھ تجارتی معاہدہ برقرار رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ

بھارت کے ساتھ اُن کے تعلقات مضبوط ہیں اور وہ بھارت کے ساتھ تجارت کر رہے ہیں۔ صدر ٹرمپ نے محصولات کے بارے میں امریکی سپریم کورٹ کے فیصلے پر تبصرہ کرتے ہوئے کل رات وہائٹ ہاؤس میں اخباری کانفرنس کے دوران یہ بات کہی۔ اس مہینے ٹرمپ نے ایک ایگزیکٹو آرڈر جاری کرتے ہوئے بھارت پر عائد 25 فیصد جوابی محصول کو ہٹا دیا تھا۔ تجارتی سمجھوتے کے تحت واشنگٹن، نئی دلّی پر 25 فیصد کے محصول میں کٹوتی کرتے ہوئے اُسے 18 فیصد کر دے گا۔

اس دوران وہائٹ ہاؤس نے وضاحت کی ہے کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے محصولات کی نئی ترتیب سے متعلق عالمی اعلان کے بعد بھارت پر 10 فیصد کا عارضی محصول عائد ہوگا۔ یہ نیا محصول پہلے کے انٹرنیشنل ایمرجنسی اکنامِک پاورز ایکٹ IEEPA پر مبنی ڈیوٹیز کی جگہ لے گا، جنہیں سپریم کورٹ کی جانب سے ہٹا دیا گیا تھا۔ وہائٹ ہاؤس کی جانب سے کی گئی یہ وضاحت دکھاتی ہے کہ سیکشن 122 کے تحت نیا اعلان کردہ 10 فیصد عالمی محصول، بھارت پر ماضی میں عائد کیے گئے IEEPA محصولات میں اضافہ نہیں ہے، بلکہ یہ عارضی طور پر اُس کی جگہ لے گا۔ نئی دلّی میں وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے بتایا کہ دونوں ملک باہمی مفاد کے تجارتی معاہدے کو حتمی شکل دینے پر کام کررہے ہیں اور آئندہ ہفتے ایک بھارتی وفد امریکہ کا دورہ کرے گا۔×

## INDIA-UN REFORM

بھارت نے اقوام متحدہ سلامتی کونسل میں اصلاحات کے اپنے مطالبے میں زور پیدا کرتے ہوئے کہا ہے کہ اب ملکوں کے صبر کی انتہا ہوچکی ہے۔ تازہ مذاکرات میں بھارت کی نائب مستقل نمائندہ یوجنا پٹیل نے کہا ہے کہ سلامتی کونسل، بین الاقوامی امن و سلامتی برقرار رکھنے کی اپنی بنیادی ذمہ داری میں ناکام رہی ہے۔

محترمہ پٹیل نے اس بات پر زور دیا کہ اصلاحات میں مستقل رکنیت میں توسیع کو شامل کرنا ضروری ہے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اس توسیع کے بغیر اصلاحات کا عمل ادھورا رہے گا۔ انہوں نے رکنیت کے تیسرے زمرے کی تجاویز کو اصل موضوع سے توجہ ہٹانے والی قرار دیا، جن کا مقصد بامعنی تبدیلی میں تاخیر کرنا ہے۔ محترمہ پٹیل نے مزید کہا کہ کسی بھی تنظیم نو کا مقصد موجودہ نابرابری کو ختم کرنا ہونا چاہیے نہ کہ اُسے مزید بگاڑنا۔ ×

## RAHUL DEFAMATION CASE

لوک سبھا میں اپوزیشن کے رہنما راہل گاندھی RSS کے ایک کارکن کی جانب سے 2014 میں ہتکِ عزت کے ایک معاملے میں تازہ ضمانت دینے کیلئے آج مہاراشٹر کے بھیونڈی میں مجسٹریٹ کی عدالت میں پیش ہوئے۔ عدالت نے انہیں سابق مرکزی وزیر شیو راج پاٹل کے انتقال کے بعد تازہ ضمانت داخل کرنے کا حکم دیا تھا، جو اُن کے ضامن تھے اور گذشتہ برس دسمبر میں اُن کا انتقال ہوگیا تھا۔ راشٹریہ سوئم سنگھ کے ایک کارکن راجیش کُنٹے کی جانب سے شکایت درج کرائی گئی تھی، جنہوں نے

مبینہ طور پر کہا تھا کہ 2014 میں Sonale گاؤں میں ایک چناؤ ریلی کے دوران جناب گاندھی نے RSS کے خلاف ناشائستہ رائے زنی کی تھی۔x

## LS-SPEAKER HUNGARY

لوک سبھا اسپیکر اوم برلا نے آج نئی دلّی میں Hungary کی قومی آمبلی کے ڈپٹی اسپیکر ڈاکٹر Lajos Olah کے ساتھ میٹنگ کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب برلا نے بتایا کہ اس بات چیت میں دونوں ملکوں کے درمیان پارلیمانی تعاون اور اشتراک کے نئے مواقع کا جائزہ لینے پر توجہ مرکوز کی گئی۔x

## CRICKET- T20 WC

ICC ٹی ٹوینٹی عالمی کپ میں آج سے Super-8 کے میچ شروع ہوجائیں گے۔ Super-8 کے پہلے میچ میں آج شام سات بجے کولمبو میں نیو زیلینڈ کا مقابلہ پاکستان سے ہوگا۔ یہ میچ آر پریما داسا اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔ اِسی دوران بھارت Super-8 میں اپنی مہم، کُل احمدآباد میں نریندر مودی اسٹیڈیم میں جنوبی افریقہ کے ساتھ میچ سے شروع کرے گا۔

اِس سے پہلے گروپ مرحلہ کُل رات مکمل ہوا۔ آسٹریلیا نے سری لنکا میں Pallekele بین الاقوامی کرکٹ اسٹیڈیم میں آخری گروپ-B میچ میں Oman کو 9 وکٹ سے ہرایا۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆